# Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۰ } مطبوعہ روز پنجشنبہ بتاریخ ۳ ماہ صفر ۱۳۵۱ھ مطابق ۹ ماہ جون ۱۹۳۲ء { جلد


## حصہ دوم

### خلاصہ احکام اجلاس صاحبان منسٹران و سکریٹری صاحبان


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر | ۱ و ۲ | ۷ | فہرست تقررات ہائی کورٹ | ۸ تا ۱۰ |
| ۲ | " " صاحب ہاوس ہولڈ منسٹر بہادر | ۳ | ۶ | تفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر | ۱۱ |
| ۳ | " " صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر | ۳ و ۴ | | | |
| ۴ | " " صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر | ۵ | | نقشہ نرخ بازار اجناس | ۱۲ |
| ۵ | " " صاحب آرمی منسٹر بہادر | ۶ | | | |



(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

# احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

## تکمیل تنخواہ

واقع ۳۰ مئی ۱۹۳۴ء

بلحاظ رپورٹ تحصیلدار صاحب سوار بدین خلاصہ کہ یکم مئی ۱۹۳۴ء سے تین جدید قلعداران کا تقرر بشاہرہ بیس روپیہ ماہوار فی کس منظور ہوا ہے لیکن رگھبیر سہائے محمد علیخان و محمد رضا خان قلعداران سابق تاریخ تقرر سے پندرہ پندرہ روپیہ تنخواہ پا رہے ہیں لہذا اول نامبردگان کو بجائے بیس روپیہ ماہوار تنخواہ دیجائے کہ دیگر قلعداران سابق محنت سے کام انجام دیں۔ حسب یادداشت ناظم صاحب حلقہ شمالی بدین مضمون کہ مجھکو رپورٹ تحصیل سے اتفاق ہے۔ لیکن چونکہ رگھبیر سہائے کے متعلق رشوت ستانی کی شکایت ہوا اور تحقیقات جاری ہے اسلئے محمد علیخان و محمد رضا خان کو یکم مئی ۱۹۳۴ء سے پانچ روپیہ ماہوار یعنی بیس روپیہ تنخواہ پر ترقی دیجائے۔

### حکم

[illegible] وارث احمد، محمود علی، ہرپرشاد قلعداران تحصیل سوار کو یوم تقرر یعنی یکم مئی ۱۹۳۴ء سے بجائے پندرہ پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی اور محمد علیخان و محمد رضا خان قلعداران کو پانچ پانچ روپیہ ماہوار گریڈ پر پروموشن دیا جائے۔ اور تیسرے قلعدار رگھبیر سہائے کے گریڈ پروموشن کا اسوقت حکم ہوگا کہ جب اسکی تحقیقات کا معاملہ ختم ہوجائیگا۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

## رخصت

۳۰ مئی ۱۹۳۴ء

مشتبہ یادداشت انجینیر صاحب روشنی برقی بابت منظوری رخصت رعایتی ۲۰ یوم محمد شاہ خان فٹر مشاہرہ یاب [illegible] از ۲۶ مئی ۱۹۳۴ء مرسلہ صاحب چیف انجینیر بہادر۔

### حکم

حسب رائے صاحب چیف انجینیر بہادر محمد شاہ خان فٹر کی ۲۰ روز کی رعایتی رخصت ۲۶ مئی ۱۹۳۴ء سے منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

## رخصت

۲ جون ۱۹۳۴ء

مشتبہ یادداشت اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب بابت تصدیق استحقاق رخصت رعایتی ایکماہ از یوم استعفا مہدی مرزا خوشنویس لازم کتب خانہ مشاہرہ یاب [illegible]

### حکم

ایکماہ کی رخصت رعایتی منشی مہدی مرزا خوشنویس کتب خانہ کی تاریخ استعفا سے منظور ہے کام کا انتظام کردیا جائے حق رخصت رعایتی حاصل ہے احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

## تقرر

واقع ۵ر جون سنہ ۱۹۳۳ء

مثل درخواست شب کمار رجنٹہ انگریزی

حکم

شب کمار امیدوار کوچہ رامپور کا باشندہ ہے اور اسٹیٹ
ہائی اسکول سے امتحان انٹرنس پاس کر چکا ہے مشاہرہ
بیس روپیہ ماہوار پر بیڈ اپرنٹس دفتر انگریزی اجلاس ہذا
مقرر کیا جاتا ہے تنخواہ بجٹ عملہ اجلاس سے پائیگا۔
کل بجٹ سال تمام پر نکل آئیگی۔ احکام ضابطہ جاری
ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

## احکام اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

### رخصت

واقع یکم جون ۱۹۳۳ء

سید محمد تقی صاحب مصاحب کی رخصت رعایتی بصورت
خاص دس یوم کے لئے بزمانہ عشرہ محرم منظور ہوئی تھی
جس سے وہ ان دنوں میں استفادہ نہیں کر سکے۔ اور
بدستور کام پر حاضر رہے۔ اب چہلم کے موقع پر رخصت
منظور شدہ سے استفادہ کرنا چاہتے ہیں جس کی منظوری دیجاتی
ہے۔ ۳۰ر جون سے دس روز تک رخصت رعایتی بصورت
خاص متصور ہوگی۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری
ہوں۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

### رخصت

واقع ۴ر جون سنہ ۱۹۳۳ء

ظہری عرضی حکیم احمد الدین اہلمد اجلاس صاحب
ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر مشاہرہ دار پندرہ روپیہ
بابت ملنے رخصت مزید پندرہ یوم از یکم جون سنہ ۱۹۳۳ء
بسلسلہ رخصت سابقہ بوجہ بقائے ضعف۔ معہ رپورٹ
ناظر اجلاس مذکور باظہار عدم استحقاق رخصت
رعایتی و منظوری رخصت مطلوبہ بہ تقرر عوض۔

حکم

بسلسلہ رخصت سابقہ مزید رخصت رعایتی پندرہ یوم بصورت
خاص منظور ہے۔ موجودہ عملہ دفتر کا کام کریگا۔ سررشتہ
صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

# احکام اجلاس جناب پولیٹیکل منسٹر بہادر

## اطلاع

۲ جون ۱۹۳۲ء

صاحب پولیٹیکل ایجنٹ بہادر کے دفتر سے اطلاع موصول ہوئی ہے کہ ملک ایران کو جانیوالوں کو یہ ہدایت کیجاتے کہ انکو ایران کیلئے داخلے کی درخواست کرتے وقت تین کمشنر افسر کے روبرو اپنے فوٹو کی دو نقول پیش کرنا ہوگی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اطلاع عام گزٹ میں شائع کیا جاوے۔ ایک نقل اس روبکار کی مطبع کو بھیجی جاوے۔

(دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

## تقرر عارضی و تبادلہ وغیرہ

۲ جون ۱۹۳۲ء

مدرسہ تحصیلی بلاسپور میں مدرس اول کی آسامی عارضی منظور ہے بجٹ میں آسامی مذکور کیلئے تیس روپیہ کی منظوری ہوچکی ہے۔ اس جگہ کے واسطے ٹرینڈ و انگریزی داں مدرس کی تلاش ہے۔ لیکن فی الحال کوئی شخص باشندہ رامپور اس قابلیت کا دستیاب نہیں ہوا۔ اس سلسلہ میں حسب تحت رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس منظوری دیجاتی ہے کہ

(۱) سید احمد علی منشی عالم امیدوار سکن رامپور کا تقرر عارضی بعہدہ مدرسی اول مدرسہ تحصیلی بلاسپور ۶ جون ۱۹۳۲ء سے بشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار کیا جاتا ہے۔ جسوقت اس جگہ کیلئے کوئی موزون مدرس دستیاب ہو جائیگا سید احمد علی مذکور کو بہ تنخواہ پندرہ روپیہ ماہوار مدارس شہر میں تبدیل کیا جاتے گو۔

(۲) بشیر احمد موجودہ مدرس اول انچارج مدرسہ تحصیلی بلاسپور مدرس دوم ہوجائینگے۔ بشیر احمد نے زمانہ انچارجی میں محنت و مستعدی سے کام انجام دیا ہے اور مدرسہ کی حالت بہتر رہی۔ چونکہ انکے متعلق درجات اعلیٰ کی تعلیم رہیگی۔ اسلئے انکی موجودہ تنخواہ کے علاوہ مبلغ پانچ روپیہ بچت شدہ از آسامی مذکورہ بالا میں سے مبلغ چار روپیہ ماہوار الاؤنس ملیگا۔ ایک روپیہ بچت رہیگا۔

(۳) ایوب بیگ نائب مدرس مدرسہ تحصیلی بلاسپور کی اب وہاں ضرورت نہیں ہے لہذا ایوب بیگ کا جدید عہدہ جسولی تحصیل ... میں بہ تنخواہ موجودہ تبادلہ کیا جاتا ہے

آئٹم نمبر (۱) کی بابت سروس سیلکشن بورڈ نے اور آئٹم نمبر ۲ و ۳ کے متعلق صاحب فائنینس سکریٹری نے اتفاق رائے ظاہر کیا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

## مستقلی

۲ جون ۱۹۳۲ء

### حکم

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس نمبر ۱۳ اسم مدرسین مندرجہ فہرست الف کو یکم مئی ۱۹۳۲ء سے مستقل کیا جانا منظور ہے۔ مدرسین مندرجہ فہرست ب ملازمان ۲۹ اور ۳۳ کی مدت ملازمت غیر مستقل ہے یکم مئی ۱۹۳۲ء سے چند ماہ کی ... منظور کیجاتی ہے۔ ... کی بابت جداگانہ رپورٹ کیجاے۔

سررشتہ سے انجام ضابطہ جاری ہوں۔ دستخط صاحب میڈیکل منسٹر بہادر

فہرست ۲ مدرسین غیر مستقل جنگی مدت ملازمت ۳۰ اپریل ۱۹۳۲ء کو پوری ہو گئی

| نمبر شمار | نام مدرس | عہدہ | جائے تعیناتی | تنخواہ | سکونت |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | حافظ عبد اللطیف خاں | مدرس قرآن شریف | مڈل اسکول | [illegible] | ریاست رامپور |
| ۲ | حافظ نصیر احمد | مدرس قرآن شریف | مدرسہ نگر سیف آباد | [illegible] | ״ |
| ۳ | سید مختار حسین | انگلش ٹیچر | مدرسہ سفیرہ | [illegible] | کندرکی ضلع مرادآباد |
| ۴ | عباس علی خاں | مدرس | مدرسہ تحصیل حضور | [illegible] | ریاست رامپور |
| ۵ | مصری لال | مدرس | مدرسہ تحصیل ملک | [illegible] | |
| ۶ | سید نعمت حسین | مدرس | مدرسہ تحصیل شاہ آباد | [illegible] | ״ |
| ۷ | الیاس حسین | انگلش ٹیچر | مدرسہ تحصیل بلاسپور | [illegible] | کندرکی ضلع مرادآباد |
| ۸ | نعمت احمد خاں | مدرس قرآن شریف | مدرسہ تحصیل شاہ آباد | [illegible] | ریاست رامپور |

فہرست ۱ ملازمان غیر مستقل جنگی میعاد ملازمت ۳۰ اپریل ۱۹۳۲ء کو پوری ہو گئی

| نمبر شمار | نام مدرس | عہدہ | جائے تعیناتی | تنخواہ | سکونت | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ماسٹر ہری پرشاد | انگلش ٹیچر | برانچ مڈل اسکول | [illegible] | ریاست رامپور | دوران ملازمت غیر مستقل بکام بحال لہٰذا قابل مستقلی ہیں۔ |
| ۲ | سید خورشید حسین | مدرس | ״ | [illegible] | ״ | ״ |
| ۳ | حافظ برکات احمد | مدرس قرآن شریف | ״ | [illegible] | ״ | ״ |
| ۴ | جمیل احمد خاں | نائب مدرس | مڈل اسکول | [illegible] | ״ | ״ |
| ۵ | اصغر حسین | نائب مدرس | مدرسہ [illegible] رام | [illegible] | ״ | ״ |
| ۶ | مقصود رضا خاں | انگلش ٹیچر | مدرسہ [illegible] خاں | [illegible] | ״ | ״ |
| ۷ | سید لطیف احمد | نائب مدرس | مدرسہ [illegible] تحصیل حضور | [illegible] | ״ | ״ |
| ۸ | شکور علی خاں | مدرس | مدرسہ [illegible] تحصیل حضور | [illegible] | ״ | ״ |
| ۹ | چولاسی رام | مدرس | مدرسہ [illegible] تحصیل ملک | [illegible] | ״ | ״ |
| ۱۰ | چھوٹے | نائب مدرس | مدرسہ [illegible] تحصیل سوار | [illegible] | ״ | ״ |
| ۱۱ | بلدو احمد | انگلش ٹیچر | مدرسہ تحصیل [illegible] | [illegible] | ״ | ״ |
| ۱۲ | شفیع احمد خاں | مدرس | مدرسہ [illegible] تحصیل حضور | [illegible] | ״ | ״ |
| ۱۳ | سید [illegible] علی | مدرس اول | مدرسہ [illegible] تحصیل بلاسپور | [illegible] | ״ | ״ |

# احکام اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

---

## رخصت

۴ ر جون ۳۴ء

مثبتہ یادداشت صاحب منصف مجسٹریٹ حلقہ جنوبی دربارہ منظوری رخصت مزید رعایتی ۵ ایوم منشی جمیل الدین محرر جوڈیشل عدالت منصف مجسٹریٹی حلقہ جنوبی مشاہرہ دار ۱۵ روپے از ۴ ر لغایۃ ۸ ر جون ۳۴ء بوجہ بقائے علالت خود۔

### حکم

منشی جمیل الدین محرر جوڈیشل متعینہ حلقہ جنوبی کی مزید رخصت رعایتی ۵ ایوم کی بوجہ معذوری منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر)

## رخصت

۵ ر جون ۳۴ء

مثبتہ یادداشت صاحب منصف مجسٹریٹ حلقہ جنوبی معہ درخواست رخصت رعایتی ایکماہ پندرہ یوم بوضع نصف تنخواہ لایق علیخاں اہلمد عدالت فوجداری ضلع متعینہ بجائے جمیل الدین رخصتی محرر جوڈیشل عدالت منصف مجسٹریٹی حلقہ جنوبی مشاہرہ دار ۱۵ روپے بغرض علاج زوجہ خود بمقام لکھنؤ۔

### حکم

لایق علیخاں اہلمد کی درخواست رخصت پیش ہوتی صاحب چیف مجسٹریٹ استحقاق رخصت رعایتی کا ظاہر کرتے ہیں۔ چونکہ لایق علیخاں اپنی سخت ضرورت ظاہر کرتا ہے اسلئے ۵ ایوم کی رخصت رعایتی اسکی منظور کیجاتی ہے۔ بروز روانگی سے رخصت شمار ہوگی۔ لایق علیخاں مذکور بسلسلۂ رخصت جمیل الدین محرر جوڈیشلی کا کام کر رہا ہے اس لئے صاحب چیف مجسٹریٹ کسی اہلکار کو عدالت حلقہ جنوبی میں برائے چندے بھیجدیں حلقہ مذکور میں۔ توسیع عملہ کا انتظام عنقریب ہوجائیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

# احکام اجلاس صاحب کرنل آر سی منسٹر بہادر

## رخصت

منظوری استدعا معروضہ ۱۰ مئی ۱۹۳۴ء سید جعفر علی پیشکار آرمی ہیڈ کوارٹرز متدعی رخصت کو رخصت ایک ماہ من ابتدائے ۵ جون ۱۹۳۴ء لغایت ۴ جولائی ۱۹۳۴ء استحقاقی دیا جانا منظور ہے۔ کام کے ذمہ دار زمانہ رخصت میں سید سردار علی رہیں گے آرڈر ہذا جاری ہو ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسلہ

۱۰ مئی ۱۹۳۴ء دستخط صاحب کرنل آر سی منسٹر بہادر

## رخصت

(واقع ۱۳ مئی ۱۹۳۴ء)

بحوالہ منظوری صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۲ مئی ۱۹۳۴ء حسب سفارش کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور رضا انفنٹری معروضہ ۲۳ مئی ۱۹۳۴ء جمعدار فرمان علی صاحب انفنٹری مذکورہ کو رخصت رول ایک ماہ من ابتدائے یکم جون ۱۹۳۴ء لغایت آخر جون ۱۹۳۴ء دیگئی آرڈر ہذا جاری ہو۔ اور ایک نقل اسکی مطبع کو بغرض اندراج گزٹ مرسلہو

دستخط صاحب کرنل آر سی منسٹر بہادر

## ترقی

حسب سفارش کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور رضا انفنٹری معروضہ ۱۰ مئی ۱۹۳۴ء جمعدار امیر احمد خاں صاحب انفنٹری مذکورہ کو بجائے خالی شدہ صوبہ داری پر ترقی دیا جانا منظور ہے آرڈر ہذا جاری ہو۔ اور ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسلہو۔

۴ جون ۱۹۳۴ء دستخط صاحب کرنل آر سی منسٹر بہادر

## رخصت

بحوالہ منظوری اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۳۰ مئی ۱۹۳۴ء ریاست رامپور تجاویز کورٹ مارشل واقع ۲۲ مئی ۱۹۳۴ء باثبات قصور سکشن دفعہ ۲۵ اے آرمی ایکٹ دفعہ ۱ جبریہ وصول کی بنسبت صوبیدار نواز حسین خاں فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کونسل سے منظور ہو چکی ہے کہ بدرجہ سپاہی نامبردہ کا تنزل کیا جائے اور ملازمت سے موقوف اور ایک سال قید بامشقت بھگتنے کو ۲۲ مئی ۱۹۳۴ء سے حسب ضابطہ باجرائے احکام جیلخانہ میں بھیجا جائے چونکہ تجاویز مذکورہ منظور ہو چکی ہے لہذا آرڈر ہذا بغرض تعمیل وکارروائی جاری ہو اور ایک نقل اسکی اندراج گزٹ کے واسطے مطبع کو مرسلہو۔

۴ جون ۱۹۳۴ء دستخط کرنل آر سی منسٹر صاحب بہادر

## ترقی

حسب سفارش کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور رضا انفنٹری معروضہ ۵ جون ۱۹۳۴ء جمعدار محمد شفیع خاں صاحب سکنڈ کمپنی رجمنٹ مذکورہ کو بجائے خالی صوبہ داری پر اور فاروق حسن خاں پٹالین حوالدار میجر کو بجائے خالی جمعداری پر ترقی ۴ جون ۱۹۳۴ء سے دیا جانا منظور ہے۔ آرڈر ہذا بغرض عمل درآمد جاری ہو اور ایک نقل اسکی اندراج گزٹ مطبع کو مرسلہو

۵ جون ۱۹۳۴ء دستخط صاحب کرنل آر سی منسٹر بہادر

## عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور

(اجلاس مسٹر سید [illegible] علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس)

فہرست پیشی مقدمات جن کی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں [illegible] جون [illegible] ہوئی

مسلکہ برائے طبع مطبع سرکاری گورنمنٹ [illegible]

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر [illegible] جون

| تاریخ | دن | نام اجلاس | نام فریقین | نوعیت مقدمہ | نتیجہ |
|---|---|---|---|---|---|
| [illegible] | [illegible] | · | · | · | تعطیل |
| [illegible] جون | شنبہ | مسٹر [illegible] علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس | محمد حسین خاں بنام جانکی پرشاد | اپیل دیوانی دعوی [illegible] | آج پیش ہوکر برائے سماعت [illegible] جون حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | ״ | محمد حسین خاں بنام جانکی پرشاد | اپیل دیوانی دعوی [illegible] | آج پیش ہوکر برائے سماعت [illegible] جون حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | ״ | [illegible] خاں بنام برج موہن لال | نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۵۲ ت | آج پیش ہوکر برائے سماعت [illegible] جون حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | ״ | [illegible] لال بنام بلدیو | اپیل دیوانی دعوی [illegible] | آج پیش ہوکر برائے سماعت [illegible] جون حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | ״ | محمد صدیق بنام شفیق محمد خاں | نگرانی فوجداری جرم دفعہ [illegible] | آج پیش ہوکر برائے سماعت [illegible] جون حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | مسٹر جسٹس [illegible] صاحب بہادر | محمد رضا خاں وغیرہ بنام کنیز بیگم وغیرہ | اپیل دیوانی دعوی [illegible] | آج پیش ہوکر برائے سماعت [illegible] جون حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | ״ | محمد نبی بنام مسماۃ صاحبزادی | اپیل دیوانی دعوی علیحدگی [illegible] | آج پیش ہوکر برائے سماعت [illegible] جون حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | ״ | عظمت علیخاں بنام عبد الرشید خاں | اپیل دیوانی دعوی [illegible] | آج پیش ہوکر برائے سماعت [illegible] جون حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | ״ | سرکار [illegible] بنام [illegible] خاں وغیرہ | ابتدائی سیشن جرم دفعہ [illegible] ت | بغرض صفائی پیش کرنے کے واسطے [illegible] جون سنہ حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | مسٹر [illegible] علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس عبد العزیز انصاری صاحب بہادر | مولوی [illegible] محمد بنام جناب صاحب چیف منسٹر بہادر | اپیل دیوانی بابت طلبی حساب وقف | مسٹر جسٹس عبد العزیز انصاری صاحب بہادر آج کچہری نہیں آئے ہیں اس وجہ سے [illegible] جون سنہ حال مقرر ہوئی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ جون سنہ حال | شنبہ | مسٹر جسٹس عبدالعزیز انصاری صاحب بہادر | لڈن بنام چھنو خاں وغیرہ | متفرق ثالث درخواست عذرداری نسبت واگذاشت ڈگری | مسٹر جسٹس عبدالعزیز انصاری صاحب بہادر نے آج مجری نہیں کی ہے اس وجہ سے ۱۹ جون سنہ حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | ״ | محمد اسمٰعیل بنام چھنو خاں | متفرق ثالث درخواست عذرداری نسبت واگذاشت مال متفرقہ | مسٹر جسٹس عبدالعزیز انصاری صاحب بہادر نے آج مجری نہیں کی ہے اس وجہ سے ۱۹ جون سنہ حال مقرر ہوئی |
| ۲ جون سنہ حال | یکشنبہ | مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر | سرکار بنام سنا خاں وغیرہ | ابتدائی پیشی جرم دفعہ ۳۰۲ و ۲۷۷ ت | برائے سماعت بحث ۵ جون سنہ حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | ״ | بھورے لال بنام سرکار بہادر | ابتدائی دیوانی دعویٰ استقرار حق | برائے وضع تنقیح ۲۴ جون سنہ حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | ״ | امداد حسین خاں بنام ابو پرشاد | ابتدائی دیوانی دعویٰ استقرار حق | برائے وضع تنقیح ۲۰ جون سنہ حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | ״ | سعادت اللہ خاں بنام محمد نور | ابتدائی دیوانی دعویٰ واپسی اشیاء ارنامتی | برائے وضع تنقیح ۱۹ جون سنہ حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | مسٹر نظم علی انصاری صاحب و مسٹر جسٹس عبدالعزیز انصاری صاحب بہادر | بھاری لال بنام سرکار بہادر | اپیل فوجداری جرم دفعہ ۲۷۶ ت | برائے سماعت ۲۶ جون سنہ حال مقرر ہوئی |
| ۳ جون سنہ حال | دوشنبہ | | | | تعطیل جیلم |
| ۴ جون سنہ حال | سہ شنبہ | مسٹر نظم علی انصاری صاحب و مسٹر جسٹس | گوپی ناتھ بنام بہادر | نگرانی خفیفہ دعویٰ زر | نگرانی منظور ہوئی |
| ״ | ״ | ״ | نور احمد خاں بنام ڈاکٹر احمد علی خاں | اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۹ ت | اپیل نامنظور ہوا |
| ״ | ״ | ״ | عبدالرشید خاں بنام فدا علی خاں | نگرانی دیوانی نسبت ترمیم دعویٰ اسماء | آج پیش ہو کر برائے سماعت ۱۹ جون سنہ حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر | امجدی بیگم وغیرہ بنام کشن بہاری لال | ابتدائی دیوانی دعویٰ تخلیہ اراضی | شہادت پیش کرنے کے لیے ۱۲ جون سنہ حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | ״ | اشفاق احمد بنام ضیا خاں وغیرہ | ابتدائی پیشی جرم دفعہ ۳۰۲ و ۳۲۶ ت | برائے صدور تجویز ۲ جون سنہ حال مقرر ہوئی |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵ جون ۳۳ء | شنبہ | اجلاس کامل | استصواب بجناب جناب صاحب چیف جسٹس بہادر | استصواب متعلق پرامیسری نوٹ | برائے سماعت ۷ جون سنہ حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | ״ | استصواب بجناب سشن جج صاحب | استصواب متعلق رجسٹری سرٹیفکیٹ برائے نیلام | برائے سماعت ۷ جون سنہ حال مقرر ہوئی |
| ۷ جون ۳۳ء | چہارشنبہ | مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر | عطاء اللہ خاں بنام [illegible] | درخواست دیوالیہ | ثبوت پیشی کے واسطے ۹ جون سنہ حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | مسٹر مظفر علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس | دبیرو وغیرہ بنام نیم چند | اپیل فوجداری جرم دفعہ ۴۵۲ تعزیرات | زیر تجویز |
| ״ | ״ | | گوپی چند بنام محمد نبی | اپیل دیوانی دعویٰ سائر کرایہ | اپیل نامنظور ہوا |
| ״ | ״ | ״ | محمد نبی بنام گوپی چند | اپیل دیوانی دعویٰ تخلیہ مکان و مجرائی رقم | اپیل محمد نبی بمتعلق ڈگری تخلیہ مکان منظور ہوا اور بابت مجرائی رقم نامنظور ہوا |
| ۸ جون ۳۳ء | پنجشنبہ | مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر | اشفاق احمد بنام سرکار دولتمدار | ابتدائی اپیل جرم دفعہ ۲۴۷ تعزیرات و [illegible] | زیر پیشی |
| ״ | ״ | ״ | حافظ محمد شاہ بنام سپہ چھوٹے خاں | اپیل دیوانی دعویٰ [illegible] | زیر پیشی |
| ״ | ״ | ״ | شیر بہادر سنگھ بنام کستوری لال سنگھ وغیرہ | ابتدائی دیوانی دعویٰ و نصف مکان جائداد | زیر پیشی |
| ״ | ״ | مسٹر مظفر علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس | محمد احمد خاں بنام خیالی | نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۱۰۹/۱۱۴ [illegible] | حسب استدعا سائل درخواست نگرانی خارج کی گئی |
| ״ | ״ | مسٹر مظفر علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس رگھنندن کشور صاحب بہادر | پیر محمد بنام جناب چیف منسٹر صاحب بہادر | اپیل دیوانی بابت طلبی حساب وقف | زیر پیشی |

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

## روبکار عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

مورخہ ۷ جون ۱۹۳۳ء

نگرانی فوجداری سماۃ منی بنام ہری شنکر زیر دفعہ ۵۰۶ تعزیرات رامپور ۱۴ مئی سنہ حال کو منظور ہوئی ہے۔ مگر فہرست پیشی مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ مندرجہ گزٹ نمبر ۲۶ مطبوعہ ۲ جون ۱۹۳۳ء جلد ۹ میں یہ تحریر ہے کہ نگرانی نامنظور ہوئی۔ چونکہ سہو مطبع سے بجائے منظوری کے نامنظوری غلط تحریر ہوا ہے اور اوسکی تصحیح کرانا مناسب معلوم ہوتا ہے لہذا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض تصحیح اس امر کے کہ نگرانی مذکورہ بالا منظور ہوئی ہے نامنظور نہیں ہوئی ہے برائے اندراج گزٹ مطبع سرکار کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

## اعلان

وزارت کے مدارالمہام فنانس ڈپارٹمنٹ میں انتظام ... ... ایسے امیدواران جو بہادرم پسندیدہ اکاؤنٹنٹ ہوں اور شارٹ ہینڈ و ٹائپ رائٹنگ سے واقف ہوں اور اردو میں تحریر کا کام بخوبی کرسکتے ہوں۔ اپنی درخواستیں مع نقول سارٹیفکٹ کے صاحب فنانس سکریٹری بہادر کے اجلاس میں ۱۰ جون ۱۹۳۳ء تک بھیجیں۔ تنخواہ پچھتر پچھتر روپیہ ماہوار دیجائے گی۔ باشندگان رامپور کو ترجیح دیجائے گی۔

دستخط
(فنانس سکریٹری ریاست)

## حکم اجلاس صاحب اسسٹنٹ کنٹرولر ہاؤس ہولڈ

### جرمانہ

۳۰ مئی ۱۹۳۳ء

تحویلدار سٹے بلاک پیکس میں موجود نہ تھے۔ اور اسکے آنے پر ہم نے اون سے دریافت کیا تو نامبردہ نے ایسے جوابات دئے جو گستاخی اور تمرد کی پر دلالت کرتے ہیں۔ لہذا بقصور مذکور نامبردہ پر ایک روپیہ جرمانہ کیا جاتا ہے۔ آئندہ ایسی صورت پیش آئی تو سزائے موقوفی دیجائیگی۔ تحویلدار کا نام عطاء اللہ خاں ہے۔ اور فراش خانہ کی ... میں تنخواہ پاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

صدور احکام جرمانہ حسب ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب اسسٹنٹ کنٹرولر ہاؤس ہولڈ

## نقشہ اجناس ریاست رامپور ...... اول ماہ جون سنہ [illegible]ء

| نام جنس | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۱۰۰۱۲ار ۱۳ار | ۱۴ار | ۱۳ار | ۰ | ۰ | ۱۳ار ۱۴ار ۱۰۰ار | نوٹ |
| نخود خالص | ۱۵ار | ۱۶ار | ۱۷ار | ۰ | ۰ | ۱۵ار | تحصیل بلاسپور اور تحصیل سوار کے |
| نخود کتا آمیز | ۱۶ار ۱۷ار | ۱۰۱۷ار | ۱۹ار | ۰ | ۰ | ۱۶ار | نقشیجات نہیں آئے۔ |
| کتہ | ۱۰۱۷ار ۱۸ار | ۱۰۱۹ار | ۲۰ار | ۰ | ۰ | ۱۱۷ار ۱۰۱۷ار ۱۸ار | |
| ماش | ۱۳ار | ۱۴ار | ۱۱ار | ۰ | ۰ | ۱۳ار | |
| مونگ | ۱۰۱۳ار | ۱۰۱۲ار | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۲ار | |
| مٹھ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | |
| جو | ۱۹ار | ۰ | ۲۲ار | ۰ | ۰ | ۲۲ار ۲۳ار | |
| گوجی | ۰ | ۰ | ۱۶ار | ۰ | ۰ | ۰ | |
| مسور | ۱۲ار | ۱۵ار | ۱۷ار | ۰ | ۰ | ۱۶ار | |
| ارہر | ۱۰۱۳ار | ۱۷ار | ۱۶ار ۱۸ار | ۰ | ۰ | ۱۶ار | |
| برنج | ۹ار ۱۰ار | ۱۸ار ۹ار | ۹ار | ۰ | ۰ | ۱۰۱ار ۱۰۱۰ار | |
| روغن زرد | ۱۱ چٹانک ۱۱ | [illegible] | ۱۲ چٹانک | ۰ | ۰ | [illegible] | |
| روغن سیاہ | ۱۰۳ار | ۱۰۲ار ۳ار | ۱۰۲ار | ۰ | ۰ | ۳ار | |
| روغن کنجد | ۳ار ۱۰۲ار | ۱۰۳ار | ۳ار | ۰ | ۰ | ۱۰۳ار | |
| نمک سانبھر | ۶ار | ۶ار | ۱۰۸ار | ۰ | ۰ | ۱۰۹ار | |
| نمک لاہوری | ۵ار | ۸ار | ۶ار | ۰ | ۰ | ۸ار | |
| قند سیاہ | ۹ار | ۷ار ۸ار | ۸ار | ۰ | ۰ | ۸ار | |
| باجرہ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۰ | | |

سٹیٹ پریس رامپور